
حکومتِ خیبر پختونخوا

# کورونا وائرس ایمرجنسی کے دوران صنعتی یونٹس کے آپریشنز کیلئے رہنما اصول



KP CM SCU

# انفرادی سطح پر: صنعتی کارکنوں اور انتظامیہ کے لئے



## داخلی اور خارجی مقامات

I. داخلی مقامات پر ایک فرد مخصوص ہو، جو داخل ہونے والے تمام افراد کے جسمانی درجہ حرارت اور کروناوائرس کی دیگر علامات جیسے کھانسی، زکام، اور پٹھوں میں درد کی شکایت وغیرہ کی جانچ کرتا رہے

II. داخلی اور خارجی مقامات پر ہینڈ سینیٹائزر کا استعمال بلاتخصیص تمام افراد کی جانب سے کیا جائے

III. حاضری کیلئے بائیو میٹرک نظام جہاں لاگو ہے، اسے فوری معطل کردیا جائے

## حفاظتی لباس



i. ہر ایک یونٹ یا عمارت میں سرپر حفاظتی نیٹ، سرجیکل ماسک اور دستانے ہر وقت استعمال کیے جائیں گے۔

ii. ہر گھنٹے کے بعد ہاتھوں کو کم از کم بیس سیکنڈ کے لئے صابن سے دھونا لازمی ہے

iii. کارکنوں اور انتظامی عملے کے کپڑوں کو باقاعدگی سے ڈس انفیکٹ کریں، بہتر یہ ہے کہ باہر جانے سے پہلے نہا کر کپڑے تبدیل کرلیے جائیں، کام کے لئے کارخانے میں استعمال کیلئے الگ کپڑے مقرر کیے جائیں



## باہمی طرزعمل

روایتی انداز میں ہاتھ ملانے یا گلے ملنے جیسے جسمانی روابط سے گریز کیا جائے، ہدایات نمایاں جگہوں پر آویزاں کی جائیں

i. مشترکہ استعمال کے آلات جیسے کہ کمپیوٹر، ٹیلیفون، فیکس مشینیں وغیرہ کو خاص متعلقہ فرد استعمال کرے ورنہ ایسے آلات کے استعمال کے دوران ہاتھوں پر دستانوں کا استعمال یقینی بنائی جائے

ii. تمام عملے کے درمیان کم از کم تین فٹ کا فاصلہ برقرار رہے

iii. دروازوں کے ہینڈل، جنگلے، گرل، پردے وغیرہ چھونے سے گریز اور دوسروں کو منع کیا جائے





KP CM SCU

# انفرادی سطح پر: صنعتی کارکنوں اور انتظامیہ کے لئے




## دیگر

i. تولیے کی جگہ ٹِشو پیپر یا پیپر رولز رکھے جائیں

ii. بیمار ملازمین کو بھرپور ترغیب دی جائے کہ وہ گھروں پر رہیں، ایسے ملازمین کی آمدنی کا سلسلہ قائم رکھنے کیلئے بیماری کی بناء پر رخصت کے نرم قوائد اور معاونت کیلئے پالیسی تشکیل دی جائے

iii. اس بات کی نشاندہی کریں کہ کن صورتوں میں صنعتی کارکنوں کو کورونا وائرس کے خطرے کا سامنا کرنا ہے، ان خطرات میں کمی کیلئے اقدامات اٹھائیں

iv. کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے اقدامات سے ملازمین کو آگاہ کریں



## جمگھٹا نہ ہونے دینا

I. صرف انتہائی ضروری عملے کو کام کی جگہ آنے کی اجازت دی جائے،غیر ضروری عملے کو ابتدائی طور پر معاوضے کے ساتھ پندرہ دن کیلئے چھٹی دے دی جائے

II. تمام عملہ جو 50 سال سے زیادہ عمر کے ہیں ، جنہیں ایک سے زائد عوارض لاحق ہیں، یا کچھ عرصے میں ماں بننے والی خواتین کو بھی معاوضے کے ساتھ پندرہ دن کیلئے چھٹی دے دی جائے

III. جہاں ممکن ہو ، ایک ساتھ زیادہ عملے کو جمع نہ ہونے دینے کیلئے کام شفٹوں میں ترتیب دیا جائے

KP CM SCU



## انفرادی سطح پر: صنعتی کارکنوں اور انتظامیہ کے لئے

# کارخانے کی عمارت کیلئے

i. کارخانے کی عمارت یا یونٹ کو شفٹ کے آغاز سے قبل ڈس انفیکٹ کیا جائے

ii. کارخانے کی عمارت یا یونٹ میں سینیٹائزر، صابن، ماسک، ٹاول ٹشوز اور درجہ حرارت کے تھرمل اسکینرز موجود ہوں

iii. کارخانے کی عمارت یا یونٹ میں تربیت یافتہ طبّی عملہ/ڈاکٹر موجود ہو

iv. کارخانے کی عمارت یا یونٹ میں فوری طور پر ایمبولینس طلب کرنے کیلئے ہاٹ لائن موجود ہو، تاکہ کسی مشتبہ مریض کو فوری طور پر قرنطینیہ کی مرکزی سہولت منتقل کیا جاسکے

v. کارخانے کی عمارت یا یونٹ کو فوری طور پر بند کردیا جائے اگر لیب ٹیسٹ کے نتیجے میں وہاں کورونا وائرس کی تصدیق ہوتی ہے اور اس وقت تک بند رہے گا جب تک اس کو مکمل سینیٹائز اور ڈس انفیکٹ نہیں کردیا جاتا

vi. کارخانے کی عمارت یا یونٹ میں غیر متعلقہ افراد کے داخلے پر پابندی ہوگی

vii. کارخانے کی عمارت کے احاطوں میں کورونا وائرس کے حوالے سے بنیادی احتیاطی تدابیر اردو زبان میں تصویروں کے ساتھ آویزاں کی جائیں، ہر فرد تک یہ ہدایات سیشنز اور دوسرے ذرائع سے پہنچائی جائیں

viii. عمارتوں میں ہوا کے گزر کو یقینی بنایا جائے، ایسا دروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھ کر کیا جا سکتا ہے

ix. بیت الخلاء کو سینیٹائز اور ڈس انفیکٹ رکھا جائے اور ہر استعمال کے بعد اسے اچھی طرح صاف اور خشک رکھا جائے

x. کھانے پینے کیلئے ڈسپوزایبل پیالے، گلاس، اور پلیٹیں استعمال کی جائیں، یہ بات یقینی بنائی جائے کہ ایک بار استعمال کے بعد ان کو ٹھکانے لگا دیا جائے

xi. پوری عمارت یا یونٹ میں دن میں ایک بار (کلورین) اسپرے کیا جائے

xii. ہر یونٹ کی سطح پر ایک مانیٹرنگ ٹیم موجود ہو جو ہر شفٹ میں ان ضوابط پر عملدرآمد کا جائزہ لیتی رہے

KP CM SCU



## انفرادی سطح پر: صنعتی کارکنوں اور انتظامیہ کے لئے

# صنعتی کارکنوں اور انتظامی عملے کی آمدورفت

I. بسوں اور گاڑیوں کو عملے کے سوار ہونے سے پہلے اور ان کے اترنے کے فوراً بعد ڈس انفیکٹ کیا جائے

II. سواریوں اور صنعتی کارکنوں کے بیٹھنے کے انتظامات اس انداز سے ترتیب دیے گئے ہوں کہ ان کے بیچ تین فٹ کا فاصلہ برقرار رہے

III. سفر کے دوران ڈرائیور، کنڈکٹر، اور تمام سواریوں اور صنعتی کارکنوں نے لازمی طور پر ماسک اور دستانے پہنے ہوئے ہوں

IV. ہاتھوں کیلئے سینیٹائزر گاڑیوں اور بسوں میں دستیاب ہوں تاکہ سواریاں، صنعتی کارکن، ڈرائیورز اور کنڈکٹرز گاڑی میں سوار ہوتے اور اترتے ہوئے اسے استعمال کرلیں

V. عمومی طرز عمل کیلئے ہدایات (ایس او پیز) اردو زبان میں گاڑیوں میں آویزاں ہوں، اور سفر شروع ہونے سے پہلے تمام سواریوں کے سامنے پڑھ کر سنائی جائیں

VI. دروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھی جائیں

VII. بس کے کولنگ یا ہیٹنگ سسٹم کو استعمال نہ کیا جائے

VIII. ہر صنعتی یونٹ اپنے عملے کو ایک منفرد شناختی کارڈ جاری کرے، یہ کارڈ رہائشی علاقے سے یونٹ کی طرف جاتے ہوئے یا واپسی پر عملے کے فرد کی شناخت کیلئے استعمال ہوگا

# کارخانوں (صنعتی یونٹس) میں اشیاء و مصنوعات کا داخلہ اورترسیل

## کار خانوں (صنعتی یونٹس) میں خام مال اور دیگر اشیاء کا داخلہ

I. خام مال،مشینو ں کے کھلے پُرزے اور دیگر سامان جو کہ کار خانوں (صنعتی یونٹس) میں مصنوعات کی تیاری میں درکار ہو، اسے ان کار خانوں میں داخلے کی تب ہی اجازت ہو گی جب ان کو لانے والی گاڑی کو مکمل طور پر سینیٹائز اور ڈس انفیکٹ کرلیا گیا ہو

II. ایسا سامان لانے اور لے جانے والی گاڑی کے ساتھ آنے والے عملے، ڈرائیور، کنڈکٹر، سامان لادنے اور اتارنے والے مزدوروں ، اور دیگر عملے کے جسم کے درجہ حرارت اورکورونا وائرس کی دیگر علامات جیسے کھانسی، زکام، اور پٹھوں میں درد کی شکایت وغیرہ کی داخلے کے مقامات پر جانچ کی جاتی رہے

III. گاڑی کے ساتھ کسی بھی ایسے شخص کو کارخانے (صنعتی یونٹس) میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی، جس میں کورونا وائرس کی کوئی ایک یا ساری علامات پائی جائیں۔

IV. اسٹیل، لکڑی، کپڑے، لوہے، یا پلاسٹک کی سطح پر کورونا وائرس کئی دنوں تک زندہ رہ سکتا ہے، اس لئے (ان سے بنے) خام مال کو کارخانوں میں داخلے سے قبل باقاعدہ سینیٹائز اور ڈس انفیکٹ کیا جائے گا۔

V. گاڑیوں میں نشستوں کی ترتیب یوں رکھی جائے کہ بیٹھے ہوئے افراد میں تین فٹ کافاصلہ برقرار رہے

VI. ان گاڑیوں میں بیٹھے افراد کارخانے میں داخلے سے قبل اپنے ہاتھ صابن سے دھولیں، اور ساتھ ہی سینیٹائز کرلیں

VII. گاڑیوں میں بیٹھے افراد نے حفاظتی لباس یعنی ہیڈ گیئر، دستانے، گاؤن، اور ماسک پہنے ہوئے ہوں، حفاظتی لباس کے بغیر کسی بھی فرد کو کارخانے میں داخل نہیں ہونے دیا جائے




## تیار شدہ مصنوعات کی کار خانوں (صنعتی یونٹس) سے ترسیل

I. کارخانوں سے نکلنے والی تمام گاڑیوں کو باہر نکلنے سے پہلے دھولیاجائے

II. تمام تیار شدہ مصنوعات کو باقاعدہ طور پر سینیٹائز اور ڈس انفیکٹ کرلیں

III. گاڑیوں کے نکلنے سے پہلے ان میں بیٹھے افراد نےمکمل حفاظتی لباس یعنی ہیڈ گیئر، دستانے، گاؤن، اور ماسک پہنے ہوئے ہوں

IV. باہر نکلنے والی سب گاڑیوں میں ان میں بیٹھے ہوئے افراد کیلئے سینیٹائزر اور صابن رکھا ہونا ضروری ہے

# کارخانوں (صنعتی یونٹس) میں اشیاء و مصنوعات کا داخلہ اورترسیل

## صنعتی زون کی سطح پر

I. صنعتی زونز کے داخلی اور خارجی راستوں کو کڑی نگرانی کی جائے، اورجس حد تک ممکن ہو، داخلہ محدود رکھا جائے ان مقامات سے داخل ہونے اور باہرجانے والے تمام افراد اور گاڑیوں کا ریکارڈ رکھا جائے

II. داخل ہونے والے تمام افراد کے جسم کے درجہ حرارت اور کورونا وائرس کی دیگر علامات جیسے کھانسی، زکام، اور پٹھوں میں درد کی شکایت وغیرہ کی جانچ کی جاتی رہے

III. ایک حصہ قرنطینیہ کیلئے مخصوص کیا گیا ہو، جہاں کورونا وائرس کے مشتبہ مریضوں کو ٹیسٹ کے رزلٹ آنے تک یا ٹیسٹ کا رزلٹ مثبت آنے کی صورت میں مزید کاروائی تک رکھا جا سکے

IV. محکمہ صنعت کی ایک آڈٹ ٹیم روزانہ ان زونز کا دورہ کرکے ان انتظامات اور ایس او پیز پر عملدرآمد کا جائزہ لیتی رہے

V. صنعتی زونز یا انفرادی صنعتی یونٹس کے رہائشی علاقوں کیلئے بھی اسی طرح کے اقدامات یقینی بنائے جائیں



# کورونا وائرس سے پیدا شدہ صورتحال کے دوران
# صنعتی یا پیداواری یونٹس میں انتظامات کی لازمی چیک لِسٹ

صنعتی یا پیداواری یونٹ کا نام:

صنعتی زون یا ضلع:

تاریخ :                    اندراج کا وقت:

1. یہ چیک لسٹ ان تمام پیداواری یا صنعتی یونٹس کیلئے لازم ہے ، جن کو مختلف اوقات میں دی جانے والی عام تعطیلات سے استثناء حاصل ہے یا مستقبل میں استثناء حاصل ہوگا

2. یونٹ کا مالک یا منتظم (مینیجر) اس چیک لسٹ کو روزانہ کی بنیاد پر پُر کرکے متعلقہ اسٹیٹ مینیجر یا متعلقہ ضلع کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر کنزیومر پروٹیکشن کونسل کو جمع کروائے گا

3. اس چیک لسٹ کو روزانہ دن دو بجے جمع کرانا لازمی ہوگا

4. اوپر سیریل نمبر 2 کے تحت دیے گئی ہدایات پر عملدرآمد میں ناکامی، یا اس چیک لسٹ کی مندرجات یا کسی حصے کی عدم تکمیل متعلقہ یونٹ کی فوری بندش پر منتج ہوسکتی ہے

| اقدامات | جی ہاں یا نہیں |
|---|---|
| 1 داخلی مقامات پر جسمانی درجہ حرارت اورکورونا وائرس کی دیگر علامات جیسے کھانسی، زکام، اور پٹھوں میں درد کی شکایت وغیرہ کی جانچ | |
| 2 داخلی اور خارجی مقامات پر ہینڈ سینیٹائزر کی دستیابی | |
| 3 بائیو میٹرک حاضری کا تعطل | |
| 4 ہاتھ ملانے اورگلے ملنے سے گریز کی ہدایات پر مبنی نوٹسز تمام نمایاں مقامات پر آویزاں ہیں | |
| 5 مشینوں کے استعمال کیلئے افراد مخصوص یا ہاتھوں پر دستانوں کا استعمال یقینی بنایا گیا ہے | |
| 6 یونٹ کے اندر عملے کے درمیان کم از کم تین فٹ کا فاصلہ برقرار رکھا گیا ہے | |

میں                    تصدیق کرتا ہوں کہ میرا صنعتی پیداواری یونٹ اپنے عمومی انتظامات میں درج بالا فہرست میں دی گئی شرائط پر سختی سے عمل پیرا ہے

دستخط

یونٹ کا مالک یا مینجر

KP CM SCU

# کورونا وائرس سے پیدا شدہ صورتحال کے دوران
# صنعتی یا پیداواری یونٹس میں انتظامات کی لازمی چیک لِسٹ

| اقدامات | جی ہاں یا نہیں |
| --- | --- |
| 7 یونٹ میں عملے کا سروں پر مخصوص حفاظتی ٹوپی (گاز کیپ) کا استعمال | |
| 8 یونٹ میں عملے کا چہرے پر حفاظتی (سرجیکل ) ماسک کا استعمال | |
| 9 یونٹ میں عملے کا ہاتھوں پر دستانوں کا استعمال | |
| 10 صنعتی کارکنوں اور انتظامی عملے کے کپڑوں کی ڈس انفیکشن | |
| 11 یونٹ کے اندر کام کیلئے علیحدہ کپڑوں کی دستیابی | |
| 12 تولیے کی جگہ ٹشو پیپر رولز کا استعمال | |
| 13 بیمار ملازمین کے گھروں پر ٹھہرنے کی حوصلہ افزائی | |
| 14 بیماری کی رخصت میں لچک اور معاونت کی پالیسی | |
| 15 غیر ضروری عملے کیلئے ابتدائی طور پر پندرہ روز کی ادائیگی کے ساتھ چھٹیاں | |
| 16 صرف انتہائی ضروری عملے کو یونٹ میں آنے کی اجازت<br>پچاس سال سے زیادہ عمر کا عملہ جنہیں ایک سے زائد عوارض لاحق ہیں، یا کچھ عرصے میں ماں بننے والی خواتین کو | |
| 17 معاوضے کے ساتھ پندرہ دن کیلئے چھٹی | |
| 18 شفٹس میں کام تاکہ ایک ساتھ بہت زیادہ عملہ موجود نہ ہو | |
| 19 ہر شفٹ کے آغاز سے پہلے یونٹ کی ڈس انفیکشن | |
| 20 صابن، ماسک، سینیٹائزرز، تولیے، ٹشو، اور درجہ حرارت کی جانچ کے اسکینرز کی موجودگی | |
| 21 ایمبولنس بلوانے کیلئے ہاٹ لائن کی دستیابی | |
| 22 کورونا وائرس کے کیس کی تصدیق پر یونٹ کی فوری بندش | |
| 23 غیر متعلقہ افراد کے داخلے پر پابندی | |
| 24 عمارت کے احاطے میں کورونا وائرس کے حوالے سے بنیادی احتیاطی تدابیر (ایس او پیز ) کے باتصویر پوسٹرز اردو زبان میں آویزاں | |
| 25 ہوا کے گزر کیلئے کھڑکیاں اور دروازے کھلے رکھے ہوں | |

میں ______ تصدیق کرتا ہوں کہ میرا صنعتی پیداواری یونٹ اپنے عمومی انتظامات میں درج بالا فہرست میں دی گئی شرائط پر سختی سے عمل پیرا ہے

______

دستخط
یونٹ کا مالک یا مینجر

KP CM SCU

# کورونا وائرس سے پیدا شدہ صورتحال کے دوران
# صنعتی یا پیداواری یونٹس میں انتظامات کی لازمی چیک لِسٹ

| اقدامات | جی ہاں یا نہیں |
|---|---|
| 26 بیت الخلاء کو سینیٹائز اور ڈس انفیکٹ رکھا جائے اور ہر استعمال کے بعد دوبارہ سینیٹائز اور ڈس انفیکٹ کیا جائے | |
| 27 ڈسپوز ایبل پیالوں، گلاسز اور پلیٹوں کی دستیابی | |
| 28 دن میں ایک بار کلورینیٹڈ اسپرے | |
| 29 یونٹ میں نگرانی کیلئے ٹیم کی موجودگی جو ہر شفٹ پر انتظامات کا جائزہ لے | |
| 30 بسوں اور گاڑیوں کی عملے کے سوار ہونے سے پہلے اور اترنے کے فوراً بعد ڈس انفیکشن | |
| 31 سواریوں اور صنعتی کارکنوں کے بیٹھنے کے انتظامات میں ان کے بیچ تین فٹ کا فاصلہ برقرار | |
| 32 سفر کے دوران ڈرائیور، کنڈکٹر، اور تمام سواریوں اور صنعتی کارکنوں نے لازمی طور پر ماسک اور دستانے پہنے ہوئے ہوں | |
| 33 ہاتھوں کیلئے سینیٹائزر، گاڑیوں اور بسوں میں دستیابی | |
| 34 سواریاں، صنعتی کارکن، ڈرائیورز اور کنڈکٹرز گاڑی میں سوار ہوتے اور اترتے ہوئےہاتھوں پر سینیٹائزرز استعمال کرلیں | |
| 35 عمومی طرز عمل کیلئے ہدایات (ایس او پیز) اردو زبان میں گاڑیوں میں آویزاں ہوں، اور سفر شروع ہونے سے پہلے تمام سواریوں کے سامنے پڑھ کر سنائی جائیں | |
| 36 دروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھی گئی ہوں | |
| 37 بس کے کولنگ یا ہیٹنگ سسٹم کو استعمال نہ کیا جائے | |
| 38 عملے کو شناختی کارڈ کا اجراء تاکہ رہائشی علاقے سے یونٹ کی طرف جاتے ہوئے یا واپسی پر عملے کے فرد کی شناخت کیلئے استعمال ہو | |
| 39 خام مال،مشینو ں کے کھلے پرزے اور دیگر سامان جو کہ کار خانوں (صنعتی یونٹس) میں مصنوعات کی تیاری میں درکار ہو اسے ان کار خانوں میں داخلے کی تب ہی اجازت ہو گی جب ان کو لانے والی گاڑی کو مکمل طور پر سینیٹائز اور ڈس انفیکٹ کرلیا گیا ہو | |
| 40 سامان لانے اور لے جانے والی گاڑی کے ساتھ آنے والے عملے، ڈرائیور، کنڈکٹر، سامان لادنے اور اتارنے والے مزدوروں اور دیگر عملے کے جسم کے درجہ حرارت اور کورونا وائرس کی دیگر علامات جیسے کھانسی، زکام، اور پٹھوں میں درد کی شکایت وغیرہ کی داخلے کے مقامات پر جانچ | |

میں ______ تصدیق کرتا ہوں کہ میرا صنعتی پیداواری یونٹ اپنے عمومی انتظامات میں درج بالا فہرست میں دی گئی شرائط پر سختی سے عمل پیرا ہے

______

دستخط

یونٹ کا مالک یا مینجر

KP CM SCU

حکومتِ خیبر پختونخوا